فیروز1888ملز لمیٹڈ

54واں سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے ممبران کا54 واں سالانہ اجلاس عام بروزمنگل27اکتوبر2026 بوقت 04:00 بجے بمقام3C،سائٹ، کراچی/ویڈیو لنک کے ذریعے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور:

۱۔ 30جون2026ء کوختم شدہ سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمینٹس بشمول ان پر چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ وصول کرنا،غور کرنا اور اختیار کرنا۔

۲۔ 30جون2027ء کوختم ہونے والے سال کے لیے قانونی آڈیٹرز کا تقرر اوران کا اعزازیہ مقرر کرنا۔موجودہ آڈیٹرز میسرز گرانٹ تھارنٹن انجم رحمان، چارٹرڈاکاؤنٹنٹس ریٹائر ہورہے ہیں۔اور دوبارہ تقرری کے لئے اہل ہونے کے ناطے اپنی خدمات پیش کر چکے ہیں۔

خصوصی امور:

۳۔ مالی سال 26-2025 کے لئے اضافی آڈٹ فیس کی توثیق کے لئے درج ذیل عام قرار دار کومنظور کرنا۔

قرار پایا کہ میسرز گرانٹ تھارنٹن انجم رحمان، چارٹرڈاکاؤنٹنٹس کی جانب سے 30جون2026 کوختم ہونے والے سال کے (مجموعی مالیاتی اسٹیٹمینٹس) کے آڈٹ کے سلسلے میں وصول کی جانے والی 5 لاکھ روپے کی اضافی آڈٹ فیس، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے، کی توثیق کی جاتی ہے۔

مذکورہ خصوصی امور سے متعلق حقائق پر مشتمل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

دیگر امور:

۴۔ چیئرمین مجلس کی اجازت سے دیگر امور پر کاروائی۔

حسب الحکم بورڈ

(فیضان ظفر)

کمپنی سیکرٹری

کراچی:6اکتوبر2026ء

نوٹس

۱۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223اور SRO389(I)/2023 مورخہ 21مارچ 2023 کے مطابق کمپنی کے مالیاتی اسٹیٹمینٹس اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیا گیا ہے جس کومندرجہ ذیل لنک کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے یا(QR)فعال کوڈ کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے:

https://feroze1888.com/wp-content/uploads/2026/10/Annual-Report-2025-2026.pdf

۲۔ کمپنی کی حصص کی بندش بروز منگل 20 اکتوبر 2026ء تا منگل 27اکتوبر 2026ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہے گی۔اس مدت کے دوران، رجسٹریشن ے لیے حصص کی کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔مورخہ 19اکتوبر 2026ء بروز پیر کوکاروبار کے اختتام تک حصص رجسٹرار کے دفتر میں موصول ہونے والی منتقلیاں(اے جی ایم) میٹنگ میں شرکت اورحقِ رائے دہی کے لیے اہل سمجھی جائیں گی۔

۳۔ کمپنی کا ایک رکن جو اجلاس ہذا میں شرکت اورووٹ دینے کا حقدار ہوگا ،وہ اپنی جگہ اجلاس میں شرکت، گفتگو اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے کو اپنا مجاز مقرر کرسکتا ہے، مجاز فرد لازمی طور پر کمپنی ممبر ہونا چاہئے ، مجاز مقرر کئے جانے والے دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا بورڈ کی قرارداد جس کی جانب سے وہ دستخط شدہ ہو یا اس پاور آف اٹارنی کی notarially سرٹیفائیڈ کاپی اجلاس کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئر رجسٹرار کے دفتر میں لازمی موصول ہوجانی چاہئے، ایک رکن ایک سے زائد مجاز مقرر کرنے کا حقدارنہیں، اگرکوئی رکن ایک سے زائد مجاز مقرر کرے گا یا مجاز فرد سے متعلق ایک سے زائد دستاویز کمپنی میں جمع کرائے گا ایسی تمام دستاویز ناقابلِ عمل تصور ہوں گی۔مجازفرد کواپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

۴۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل جمع کروائیں اوراپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں شیئر رجسٹرار آفس میں فوری طور پرمطلع کریں۔

۵۔ حصص یافتگان کومراسلت کے لیے اوراجلاس میں شرکت کے وقت اپنا فولیو/سی ڈی سی نمبر درج کرنا ہوگا۔

۶۔ حصص یافتگان جو اجلاسِ عام میں ویڈیو لنک سہولت (زوم) کے ذریعے شرکت کرنے کے خواہشمند ہیں جو کہ گوگل پلے اسٹور اور ایپل اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ان سے درخواست ہے کہ کمپنی سیکریٹری کے آفس میں اے جی ایم کے انعقاد سے کم از کم دوکاروباری روز قبل ای میل secretary@feroze1888.com پر یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز(پرائیویٹ) لمیٹڈ واقع F-8 متصل ہوٹل فاران،نرسری بلاک6،PECHS شاہراہ فیصل کراچی میں مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کر کے اپنا اندراج کرالیں۔

حصص یافتگان کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو/سی ڈی سی	موبائل نمبر	ای میل پتہ

- خواہشمند شیئر ہولڈرز سے مذکورہ بالا تفصیلات کی وصولی کے بعد کمپنی لاگ ان تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر ارسال کردے گی۔
- ✓ خواہشمند شیئر ہولڈرز سے مذکورہ بالا تفصیلات کی وصولی کے بعد کمپنی لاگ ان تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر ارسال کردے گی۔
- ✓ میٹنگ کے دن شیئر ہولڈرز بذریعہ اپنے اسمارٹ فون اور کمپیوٹر آلات کے ذریعے لاگ ان اور کاروائی میں حصہ لے سکیں گے۔

✓ لاگ ان سہولت اجلاس کے وقت سے 20 منٹ قبل کھول دی جائیگی تا کہ شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد شرکاء کی اجلاس میں شرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔

۷۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے فزیکل فولیو میں اپنے ای میل اور سیل نمبر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ہاں اور الیکٹرونک شکل میں حصص رکھنے کی صورت میں اپنے پارٹیسپنٹ یا بروکر / سی ڈی سی انویسٹر سروسز کے ہاں اپ ڈیٹ کریں۔

۸۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کا سیکشن 72 تمام کمپنیوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ایکٹ کے نفاذ کے چار سالوں کے اندر فزیکل فارم میں جاری کردہ شیئر کو بک انٹری فارم میں اندراج کروائیں فزیکل شیئر رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئر کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز شیئر رجسٹرار فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ یعنی فزیکل شیئر کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لئے رابطہ کرسکتے ہیں۔

۹۔ بحوالہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعوے دار حصص/ڈیویڈنڈ کی تازہ ترین فہرست اور تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ **https://feroze1888.com/investor/investor-relations/others/** پر جاری کر دی گئی ہیں۔ حصص/ڈیویڈنڈ کی وصولی و رسید کے لیے دعوے یا تو کمپنی کے دفتر یا پھر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ، میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔

۱۰۔ ایس آر او 452/(I)/2025 کی تعمیل میں، جنرل مٹینگ کا نوٹس اور سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے شیئر ہولڈرز کو ای میل پتہ کے ذریعے بھیجے جائے گے۔

۱۱۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 185، SECP سرکلر نمبر 2 آف 2018 اور S.R.O. 452(1)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025 کے مطابق، کمپنیوں کو جنرل میٹنگ میں اپنے شیئر ہولڈرز کو تحائف یا کسی بھی قسم کی مراعات دینے سے منع کیا گیا ہے۔ لہٰذا، سالانہ اجلاس عام کے موقع پر شیئر ہولڈرز میں کوئی تحفہ یا مراعات تقسیم نہیں کی جائیں گی۔

۱۲۔ حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے دوران کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے ریگولیشن 55 کی ذیلی شق نمبر (2) کے تحت مقرر کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل کریں۔

سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی جانب سے سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے جاری کردہ ھدایات:۔

اجلاس میں شرکت کیلئے :۔

(i) انفرادی حیثیت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب ہولڈر اور/ یا وہ فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابطہ کے مطابق اپ لوڈ ہوں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ پیش کر کے اپنی شناخت کو ثابت کرسکتا/ کرسکتی ہے۔

(ii) کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ، نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کیساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا ہو) پیش کرنا ہوگا۔

پراکسیز نامزد کرنے کے لئے:۔

(i) انفرادی حیثیت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسا فرد جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابطہ کے مطابق اپ لوڈڈ ہوں، کو درج بالا مطلوبہ شرائط کے تحت پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم کی دو افراد کی جانب سے گواہی دی گئی ہو جن کا نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج کرنا ہوگا۔

(iii) بینیفیشل اونر اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنی ہوں گی۔

(iv) اجلاس کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کاڈر یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ، نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کیساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہوتو) کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنا ہوگا۔

رجسٹرڈ آفس:
فیروز 1888 ملز لمیٹڈ
H-23/4، اسکیم نمبر 3
لانڈھی انڈسٹریل ایریا، کراچی
www.feroze1888.com
Email: secretary@feroze1888.com
Phone # +92 21 35083643

شیئر رجسٹرار:
فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ
F-8 فاران ہوٹل کے فوری بعد، نرسری،
بلاک۔6، PECHS، شاہراہِ فیصل، کراچی
www.famcosrs.com
Email: info.shares@famcosrs.com
Phone # +92 21 34380101-5

کمپنی ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت بیان

یہ بیان کمپنی کے 54واں سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں شامل ایجنڈا نمبر ۳ کے خصوصی امور کے متعلق اہم حقائق بیان کرنا ہے جو بروز منگل 27 اکتوبر 2026 کو منعقد ہونے والی ہے۔

میسرز گرانٹ تھارنٹن انجم رحمان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کمپنی کے قانونی آڈیٹرز ہیں، کو 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے مالیاتی اسٹیٹمینٹس کے آڈٹ کے لئے 60 لاکھ روپے (چھ ملین) کی فیس پر مقرر کیا گیا تھا۔ آڈٹ کے دوران، کمپنی کے جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال کے (مجموعی مالیاتی اسٹیٹمینٹس) کا بھی کمپنی کی برطانیہ میں قائم (ذیلی کمپنی) کے حوالے سے آڈٹ کیا گیا، جس کے نتیجے میں 5 لاکھ روپے اضافی آڈٹ فیس عائد ہوئی۔

بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ نے مذکورہ اضافی فیس کی منظوری اس شرط کے ساتھ دی کہ سالانہ اجلاس عام میں حصص یافتگان سے اس کی توثیق کرائی جائے گی۔ لہٰذا، حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ 5 لاکھ کی اضافی آڈٹ فیس کی توثیق فرمائیں۔ یہی فیس 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے مجوزہ آڈٹ فیس میں بھی شامل کی گئی ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا مذکورہ بالا کاروبار میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں ہے، سوائے اس حد تک کہ وہ کمپنی کے حصص رکھتے ہیں۔

فیروز 1888 ملز لمیٹڈ

پراکسی فارم

پراکسی فارم (آپشن 1)

میں/ہم _____

پتہ _____

بحیثیت ممبر/ ممبران فیروز 1888 ملز لمیٹڈ حصص _____

عمومی حصص شیئر رجسٹر کے فولیو نمبر کے تحت _____ اور / یا سی ڈی سی _____

ممبر/ممبران کی آئی ڈی نمبر _____ اور اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ نمبر _____

نامزد کرتا ہوں _____ پتہ _____

یا ان کے نا جانے پر _____

پراکسی فارم ای ۔ووٹنگ (آپشن 2)

میں/ہم _____

پتہ _____

بحیثیت ممبر/ ممبران فیروز 1888 ملز لمیٹڈ حصص _____

عمومی حصص شیئر رجسٹر کے فولیو نمبر کے تحت _____ اور/یا سی ڈی سی _____

ممبر/ممبران کی آئی ڈی نمبر _____ اور اکاؤنٹ /سب اکاؤنٹ نمبر _____

نامزد کرتا ہوں _____ پتہ ___ _____

یا ان کے نا جانے پر _____

بطور پراکسی وہ میری/ہماری جگہ اور میری /ہماری طرف سے کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام بمقام C3 سائٹ، کراچی بروز منگل 27 اکتوبر 2026 بوقت 04:00 بجے منعقد ہو رہا ہے، اس میں یا اس کے کسی ملتوی شدہ اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ ڈالے۔

ممبر دستخط _____

ممبر کا نام: _____

فولیو نمبر سی ڈی سی نمبر _____

ریونیو اسٹامپ پر دستخط
رقم-/5 روپے

گواہان

	۱)	۲)
دستخط	_____	_____
نام	_____	_____
پتہ	_____	_____
شناختی کارڈ نمبر/	_____	_____
پاسپورٹ نمبر	_____	_____

نوٹس:

- ایک رکن جو اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ تحریری طور پر کسی دوسرے فرد کو بطور پراکسی اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کمپنی کا ممبر ہونا چاہئے۔
- اگر کوئی رکن اجلاس میں شرکت کرنے کے قابل نہیں ہے تو وہ یہ فارم مع دستخط مکمل کر کے کمپنی سیکریٹری کو رجسٹرڈ آفس پر اجلاس کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے قبل بھجوائیں۔
- CDC اکاؤنٹ ہولڈرز/ کارپوریٹ انٹیٹیس

مندرجہ بالا شقوں کے علاوہ مندرجہ ذیل تقاضوں کو پورا کریں:

(I) پراکسی فارم میں دو گواہان کے نام دستخط نیز ان کے پتے اور شناختی کارڈ نمبر کا اندراج بھی لازمی ہے۔

(II) پراکسی فارم کیساتھ رکن اور پراکسی کی تصدیق شدہ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نقول بھی منسلک کریں۔

(III) پراکسی کیلئے لازم ہے کہ وہ اجلاس کے وقت اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ تصدیق کیلئے فراہم کرے۔

(IV) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کیساتھ (اگر پہلے ہی جمع کروادی گئی ہے) پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو جمع کروائیں۔